خزینہ درود وسلام

(بمع اردو ترجمہ)

کنزٌ فی الصلاۃ والسلام علی

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سیدنا ومولانا شفیع الانام

ترتیب

افتخار احمد قادری

كَنْزٌ

فِي الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ عَلٰى

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا شَفِيْعِ الْاَنَام

(۵۷۵ نادر صیغہ ہائے درود وسلام کا مجموعہ)

خزینہ درود وسلام

(بمع اُردو ترجمہ)

ترتیب

حضرت افتخار احمد حافظ قادری وشاذلی

برائے ایصالِ ثواب

(۱) جمیع اُمّت محمدیہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم بالخصوص
حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ

(۲) حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

(۳) حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری سلطان الہند رحمۃ اللہ علیہ

(۴) حضرت بختیار الدین کاکی اوشی رحمۃ اللہ علیہ

(۵) حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ

(۶) حضرتِ مخدوم سیّد علاؤ الدین علی احمد صابر رحمۃ اللہ علیہ

(۷) حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ

(۸) حضرت حاجی تسلیم احمد صابری رحمۃ اللہ علیہ

(۹) حضرت سیّد محمد عبداللہ شاہ المعروف میاں جی سرکار رحمۃ اللہ علیہ

اهتمامِ طباعت

ڈاکٹر محمد ذیشان احمد قادری

جناب احمد حسن قادری ، جناب ناظم حسین ، جناب باباچراغ الدین

خزینۂ
درود وسلام

(۵۷۵ نادر صیغہ ہائے درود وسلام کا مجموعہ)

موضوعِ کتاب	:	درود و سلام
ترتیب وتقدیم	:	افتخار احمد حافظ قادری، شاذلی
ترجمہ	:	عالمہ (نام صیغہ راز)
تعداد	:	ایک ہزار
اشاعت	:	ربیع الاوّل ۱۴۳۵ھ ، جنوری ۲۰۱۴ء
کمپوزنگ	:	محمد عبدالرحمٰن طاہر (0300-2831089)
		جہانِ حمد کمپوزنگ سینٹر، اُردو بازار، کراچی
ہدیہ	:	کثرت سے وِردِ درود وسلام علیٰ خیر الانام

ملنے کا پتہ:

(۱) **افتخار احمد حافظ قادری وشاذلی**

بغدادی ہاؤس 6/A-999، گلی نمبر 9، افشاں کالونی راولپنڈی

(۲) **احمد حسن قادری**

بی 622، بلاک 13، فیڈرل بی ایریا کراچی۔ موبائل: 0333-2193515

(۳) **محمد یامین**

آر۔3051، بلاک 2، میٹروولِ III، گلزارِ ہجری کراچی۔75330

انتساب

خاتونِ جنت

سیّدتنا فاطمۃ الزہرا

رضی اللہ عنہا

کے نام

جن کا رسولِ مقبول

محمد عربی صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

کے بعد

کوئی ثانی نہیں ہے

بارگاہِ رسالت مآب ﷺ
میں نذرانۂ عقیدت

میں نے اُس ذات پہ لکھنے کی جسارت کی ہے
جن کے دامن پہ فرشتوں نے عبادت کی ہے

کس کی جرأت ہے میرے آقا ﷺ کے برابر آئے
میرے آقا ﷺ نے تو نبیوں کی اِمامت کی ہے

زخم کھا کر بھی جو پھولوں کی رِدائیں بخشے
میرے آقا ﷺ نے تو کانٹوں سے محبت کی ہے

اللہ اللہ وہ کیا لوگ تھے جن لوگوں نے
چلتے پھرتے میرے آقا ﷺ کی زیارت کی ہے

آسمانوں پہ زمینوں پہ حکومت کی ہے
جس کسی نے میرے آقا ﷺ کی اطاعت کی ہے

ابتدائیہ

سورہ الصّٰفّٰت میں اللہ تعالیٰ نے کئی نبیوں اور رسولوں پر سلام بھیجا ہے۔ ان میں حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ہارون علیہ السلام اور حضرت الیاس علیہ السلام شامل ہیں اور سورہ کے آخر میں مجموعی طور پر سب انبیاء و رُسل پر سلامتی بھیجی ہے یعنی سب نبیوں اور رسولوں کو سلام کہا ہے۔ یہ اس لیے کہ ان رسولوں نے اپنے اپنے دَور میں اور اپنے اپنے علاقے میں اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق اور اللہ عزّ وجل کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے کسی نہ کسی بُرائی کو ختم کرنے کی کوششیں کیں تو اللہ تعالیٰ نے خوش ہو کر بطور انعام ان سب پر سلامتی بھیجی۔

ان انبیاء اور رسولوں کے وصالِ ظاہری کے بعد اور ایک طویل عرصے کے بعد محمد عربی ﷺ کی بعثت ہوئی، کیونکہ آپ ﷺ دُعائے خلیل ہیں۔ آپ ﷺ نے نبوت ملنے کے بعد ۲۳ سال کی قلیل مدّت میں اللہ عزّ وجل کا دینِ متین دُنیا میں پھیلایا۔ آپ کا دینِ متین وقتی یا علاقائی نہ تھا بلکہ تمام انسانیت کے لیے اور ہر دَور کے لیے قیامت تک کے لیے تھا۔ تبلیغ دین یعنی دینِ اسلام کو عام کرنے میں آپ ﷺ کو جتنی کوششیں کرنا پڑیں اور مشکلات برداشت کرنا پڑیں اتنی تکالیف کسی اور نبی نے نہ اُٹھائیں۔ معلّمِ دین اسلام کے انسانیت پر بہت زیادہ احسانات ہیں۔ عام انسان مجبورِ محض ہیں۔ وہ نبی رحمت کے احسانات کا بدلہ نہیں چُکا سکتے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہر اُس شخص کے احسان کا بدلہ چُکانے کا حکم دیا ہے جس نے ہم پر کوئی احسان کیا ہو لیکن حضور خیر الانام ﷺ کے احسانات کے بدلے میں ہم سے کوئی احسان کا تصوّر نہیں کیا جاسکتا۔ ہم تو مجبورِ محض ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے عجز و بے بسی کو دیکھتے ہوئے محسنِ انسانیت ﷺ کے احسانات کے بدلے میں ہم کو آپ ﷺ پر درود پاک پڑھنے کا حکم فرمایا ہے۔

اس لیے ربِّ کریم کی طرف سے حکم ہوتا ہے:

"بے شک اللہ اور اُس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے نبی پر۔

اے ایمان والو! اُن پر درود اور خوب سلام بھیجو"۔ (احزاب)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی رحمت ﷺ پر خود درود بھیج رہا ہے یعنی رحمت کا نزول فرما رہا ہے اور یہی حکم فرشتوں کے لیے بھی ہے۔ وہ حضور انور ﷺ کی ذاتِ اقدس پر اللہ تعالیٰ سے رحمت فرمانے کی دُعائیں مانگتے رہتے ہیں۔ اس عمل کی تکمیل کے لیے اللہ تعالیٰ روزانہ ستّر ہزار ملائکہ کا نزول روضۂ اقدس پر فرماتا ہے۔ جو ملائکہ فجر کے وقت آتے ہیں وہ دن بھر نبی رحمت پر اللہ تعالیٰ کی رحمت کی دُعائیں مانگتے رہتے ہیں اور شام کو واپس چلے جاتے ہیں۔ اسی طرح مغرب کے وقت نازل ہونے والے ملائکہ فجر تک نبی آخر کے لیے اللہ تعالیٰ کی رحمت کی دُعائیں کرتے رہتے ہیں۔ درود شریف کے وِرد کا یہ عمل قیامت تک جاری رہے گا۔

ایمان والوں سے بھی یہی کہا گیا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے محبوب نبی پر درود اور خوب سلام بھیجیں۔ اس حکم کی تعمیل میں کچھ ایمان والے، آقا ﷺ کی ذات عالیہ پر درود و سلام کا وِرد کرتے رہتے ہیں اور کچھ درود و سلام کی کتب لکھ کر اور عوام الناس میں فی سبیل اللہ تقسیم کر کے اللہ کے اس حکم کی تعمیل میں مصروف ہیں۔

درود و سلام پر لکھی جانے والی کتب کی تعداد جو مستقلاً پڑھی جاتی ہیں زیادہ نہیں ہے۔ عرب وعجم کے آئمہ، محدثین، علمائے کرام اور دیگر صلحائے اُمّتِ محمدیہ نے مستقل پڑھی جانے والی ضخیم کتب مرتّب کی ہیں۔ ان کتابوں میں مصنفین نے درود شریف کے مختلف الفاظ اور صیغوں میں جمع کیا ہے۔ پھر اُن کو وظائف کے طور پر خیر و برکت کے حصول کے لیے اپنا معمول بنایا۔ درود شریف کی ان کتب میں سب سے زیادہ مقبولیت حضرت امام محمد بن سلیمان جزولی شاذلی کی مرتّب کردہ کتاب "دلائل الخیرات"، کو ملی۔ درود شریف کی ایسی جامع کتب کی تعداد تقریباً اکیاون (۵۱) یا اس سے کچھ زیادہ ہے۔ زیادہ تر لکھنے والوں کا تعلق دُنیائے عرب سے ہے۔ ان کتب میں درود شریف کے مختلف صیغے مصنفین کے اپنے وضع کردہ ہیں۔

برصغیر ہندوپاک میں ایسی ہی کاوش العالم الجلیل السیّد محمد عبدالغفور خاں النامی نے "اوائل الخیرات"، اور ڈاکٹر محمد طاہر القادری نے "دلائل البرکات فی التحیات و الصلوٰت"، اور خواجہ عبدالرحمٰن نے "صلوٰۃ الرُسل"، لکھ کر کی ہے۔

کئی ایسے قلم کار بھی نظر آتے ہیں جنہوں نے درود و سلام کی بہت ساری کتب مرتّب تو کیں مگر درود شریف کے صیغے اُن کے خود وضع کردہ نہیں ہیں، لیکن یہ بھی سچ ہے کہ وہ حضرات درود شریف پر جو بھی کام کر رہے ہیں۔ وہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اُس حکم کی تعمیل میں کر رہے ہیں جو سورہ احزاب میں مذکور ہے۔ اُن کا مطمعِ نظر صرف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس قرآنی حکم کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچائیں تاکہ وہ کسی بھی درود شریف کا مستقل وِرد کر کے اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کا قرب حاصل کر سکیں۔ درود شریف پر لکھنے اور وِرد کرنے سے اللہ اور اُس کے حبیب سے محبت بڑھتی ہے۔ یہ بہت بڑا اہم کام ہے۔

موجودہ دَور میں ان لکھنے والوں میں چند معتبر نام یہ ہیں:

(۱) جناب افتخار احمد حافظ (راولپنڈی)

(۲) ع۔م۔ چوہدری (بہاولپور)

(۳) میاں زبیر احمد علوی قادری (ریلوے روڈ، لاہور)

(۴) محمد طفیل بھٹی مدنی (لاہور)

(۵) جناب حکیم سیّد ظہیر احمد نقشبندی

(۶) سیّد محمد ابوطاہر گیلانی نقشبندی (کراچی)

(۷) علامہ عالم فقری۔

(۸) جناب محبوب گل یاسر (تنگی چارسدہ)

(۹) حنفی محمود حلوائی (جدہ، سعودی عرب)

(۱۰) محترمہ فائزہ احسان صاحبہ (کراچی)

(۱۱) محترمہ بیگم راشدہ صدیقی المعروف رابعہ ثانی (کراچی)

(۱۲) محترمہ ڈاکٹر بتول زبیری (کراچی)

(۱۳) محترمہ ریحانہ شفاعت مکلی (ٹھٹھہ)، اور چند صاحبان۔

یہاں جناب افتخار احمد حافظ قادری، شاذلی کا ذِکرِ خیر مقصود ہے۔ پہلے اُن کے بارے میں چند تعارفی کلمات پیشِ خدمت ہیں پھر اُن کی کتاب ''خزینہ درود وسلام'' کا تذکرہ کیا جائے گا۔

جناب افتخار احمد حافظ قادری، شاذلی پاکستان کے جُڑواں دارالخلافہ راولپنڈی واسلام آباد کے باسی ہیں۔ آپ راولپنڈی کے ایک مذہبی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ وہیں پلے بڑھے۔ آپ دُنیاوی اور دینی تعلیمات کے زیور سے آراستہ ہیں۔ حافظ قرآن تو ہیں ہی عربی زبان پر بھی دسترس رکھتے ہیں۔ کچھ تو عربی زبان کے کورس اور کچھ ۹ (نو) سال تک سعودی عرب کے مختلف سرکاری محکموں سے منسلک رہنے کی وجہ سے عربی زبان میں نکھار پیدا ہوگیا۔ پھر ایک وقت ایسا آیا کہ رسولِ مقبول ﷺ اور آپ کے اہلِ بیت اور اولیاء کرام کے لیے زندگی کو وقف کردیا۔ اب تک تقریباً ۴۱ (اکتالیس) کتب کی تالیف فرما چکے ہیں۔ ان میں درود وسلام، فضیلت اہلِ بیت نبوی، زیارات مقدسہ اور زیارات اولیاء کرام پر بیش بہا کام کیا۔ آپ رُوحانیت کے تقریباً گیارہ سلسلوں سے وابستہ ہیں۔ جو سب کے سب عرب ممالک میں رائج ہیں۔ قادریہ سلسلے میں خلیفہ مجاز بھی ہیں۔ تحدیثِ نعمت کے لیے یہ ذِکر کرنا بھی ضروری ہے کہ محترمی افتخار احمد قادری اور جناب محمد ذیشان قادری مل کر درود وسلام کی نادر ونایاب کُتب کا ایک انسائیکلو پیڈیا تیار کررہے ہیں اور پچھلے تین سال سے اس بابرکت ومقبول عمل میں مصروف ہیں اور ان شاءاللہ درود وسلام کا یہ بابرکت انسائیکلو پیڈیا زیورِ طباعت سے آراستہ ہوکر عنقریب منظر عام پر آنے والا ہے۔

اس فقیر کو آپ نے درود وسلام کی ایک کتاب بنام ''خزینہ درود وسلام'' ارسال فرمائی۔ میں حافظ صاحب کا شکر گزار ہوں کہ وہ اپنی تالیفات بہت محبت سے اس ناچیز کو تحفہ کرتے رہتے ہیں۔ یہ کتاب پڑھنے کے بعد دل کی عجیب سی حالت ہوئی کیونکہ ''خزینہ درود وسلام'' میں ۱۵۷۵ ایسے نادر صیغہ ہائے درود وسلام شامل ہیں جو آج سے پہلے کسی اور کتاب میں دیکھنے میں نہیں آئے۔ بہت دل چسپی سے ''خزینہ درود وسلام'' کو پڑھا۔ سب ہی کچھ تھا لیکن اُردو ترجمہ، جو کہ ہر عجمی قاری کے لیے

ضروری ہے، نہ تھا۔ مجبوراً ایک خط کے ذریعے افتخار صاحب کی توجہ اس جانب مبذول کرائی کہ اُردو ترجمہ بھی ہونا چاہیے تھا جو کہ نہیں ہے۔ میری طرح ہر قاری تشنگی محسوس کرتا ہے۔

اسی اُدھیڑ بُن میں تھا کہ نظر حضرت مولانا محمد جنید عطاری ایک عالمِ دین پر پڑی۔ آپ سے مدّعا بیان کیا کہ ''خزینہ درود وسلام'' کے درود شریفوں کا اُردو ترجمہ درکار ہے۔ اس کو ترجمے کے ساتھ شائع کرنے کا خیال ہے۔ حضرت مولانا نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باعث معذرت چاہی لیکن یہ وعدہ بھی کیا کہ یہ بابرکت کام ہر طرح سے کیا جائے گا، چنانچہ انہوں نے اپنے ادارے کی ایک نہایت قابل عالمہ سے رابطہ کیا تو انہوں نے اُردو ترجمے کا بیڑا اُٹھایا لیکن ایک شرط یہ عائد کی کہ اُن کا نام کسی طرح بھی ظاہر نہ کیا جائے، چناچہ ان کی اس خواہش کا احترام کرتے ہوئے ''مترجم'' کے طور پر اُن کا نام لکھنے پر اصرار نہیں کیا۔

حضرت مولانا محمد جنید عطاری کی نامزد عالمہ صاحبہ کی کوششوں سے ''خزینہ درود وسلام'' کا ترجمہ ہو رہا تھا کہ ایک دن جناب حافظ صاحب کا راولپنڈی سے ٹیلیفون آیا۔ انہوں نے فرمایا ''خزینہ درود وسلام'' (اُردو ترجمے کے ساتھ) بھیج رہا ہوں تم نے اُردو ترجمہ کے لیے کہا تھا۔ معلوم ہوتا ہے اللہ تعالیٰ نے تمہاری سُن لی اور تمہاری خواہش پوری ہوگئی۔ میں آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ ہمارے ہاں عورتیں دینی کاموں میں مردوں سے پیچھے نہیں ہیں بشرطیکہ انہیں مواقع میسّر آجائیں۔ اس کتاب کا اُردو ترجمہ محترمہ اُم زینب نے کیا ہے اور اسے چھاپنے کی سعادت پیر محمد مجتبیٰ گل فاروق گل بادشاہ، خلفائے کرام خادمین دربار عالیہ موہڑہ شریف کے اہتمام سے حاصل کی گئی۔

اس ناچیز نے اپنی تشنگی دُور کرنے کے لیے کتاب ''خزینہ درود وسلام'' کے پس منظر کے بارے میں کچھ مزید معلومات کی خواہش کا اظہار کیا، جو حافظ صاحب نے پوری کردی۔ حافظ صاحب کے مطابق اس کتاب کا پس منظر کچھ اس طرح سے ہے۔ اس کتاب ''خزینہ درود وسلام'' مبارکہ میں موجود نادر صیغہ ہائے درود وسلام کا پس منظر کتاب ''مجموعہ صلوات النبی ﷺ'' میں یوں بیان کیا گیا ہے کہ جب قرآن پاک جمع کیا جارہا تھا تو مولائے کائنات سیّدنا حضرت علی رضی اللہ

عنہ نے قرآن پاک کی وہ آیات مبارکہ جو براہِ راست سرکارِ دو عالمﷺ کی شانِ اقدس میں تھیں (ویسے تو سارا قرآن پاک ہی آپﷺ کی شانِ اقدس میں نازل ہوا ہے) اُن کو الگ بھی رکھ لیا تھا، جو بعد میں سلسلہ بہ سلسلہ کسی صاحبِ نظر کے پاس آ پہنچیں، جنہوں نے ان آیات مبارکہ کو درودِ پاک کی خوبصورت لڑیوں میں پرو دیا۔ اس مجموعہ درود وسلام کی مائیکروفلمز برلن لائبریری (جرمنی) اور برٹش لائبریری (لندن) میں موجود ہیں۔

خزینہ درود وسلام کی پہلی اشاعت:

ایک عاشقِ درود وسلام جناب عبدالرؤف صاحب نے ان دونوں لائبریریوں سے اس نادر مجموعہ درود شریف کا ایک ایک نسخہ حاصل کیا اور تحقیق کے بعد اس خزینہ کو پہلی بار ''مجموعہ صلوٰت النبیﷺ'' کے نام سے دسمبر ۲۰۰۰ء میں جناب سرفراز خاں صاحب کی سعی واہتمام سے منادی پبلی کیشنز اسلام آباد سے شائع کرنے کا شرف حاصل کیا۔

خزینہ درود وسلام کی دوسری اشاعت:

مذکورہ بالا مطبوعہ نسخہ جب جناب محمد ذیشان انجم قادری صاحب کو حاصل ہوا تو انہوں نے اس نادر مجموعہ کو ترتیب نو اور احسن انداز میں بنام ''خزینہ درود وسلام'' جون ۲۰۱۰ء میں شائع کرایا۔ اس کی ترتیب وتقدیم جناب افتخار احمد حافظ قادری شاذلی کے ہاتھوں ہوئی۔ یہ بابرکت کتاب اندرون وبیرونِ ملک تقسیم ہوئی جس پر مقتدر شخصیات کی طرف سے بے شمار تہنیتی پیغامات اور دُعاؤں بھرے خطوط مولّف کو موصول ہوئے۔ متولی وکلید بردارِ خانہ کعبہ شریف، خاندان آل شیبی کی ایک اہم شخصیت، عزت مآب جناب عبدالرحمٰن صالح الشیبی جب جون ۲۰۱۰ء میں پاکستان تشریف لائے تو ڈاکٹر محمد ذیشان انجم قادری چشتی نظامی نے کتاب ''خزینہ درود وسلام'' کا ایک نسخہ اُن کی خدمت میں پیش کیا جسے انہوں نے ایک ہی نشست میں پڑھنے کے بعد مولّفِ کتاب جناب افتخار احمد حافظ قادری صاحب سے کتاب پر اپنا نام لکھوا کر اور اُن سے دستخط لیے اور تعریفی کلمات سے نوازتے ہوئے فرمایا۔ ''درود وسلام'' کی اس کتاب کے مجھے ۱۰۰ نسخے دیے جائیں جنہیں میں مکہ مکرمہ میں تقسیم کروں گا۔''

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ پہلی اور دوسری اشاعت تک اس کتاب کا اُردو ترجمہ کسی بھی مولّف نے نہیں کیا۔

خزینہ درود وسلام کی تیسری اشاعت (بمع اُردو ترجمہ):

جناب افتخار احمد حافظ کی دوسری بار کاوش کے بعد اسی کتاب کا اُردو ترجمہ کرایا گیا اور خلفاء وخادمین دربارِ عالیہ موہڑہ شریف راولپنڈی کی کوششوں سے یہ کتاب ''خزینہ درود وسلام'' میں موجود عربی صیغہ ہائے درود وسلام کا اُردو ترجمہ محترمہ اُم زینب سے کرا کر اپریل ۲۰۱۳ء میں تیسری بار شائع کیا۔ اس سے یہ فائدہ ہوا کہ عربی زبان سے نابلد پڑھنے والوں نے اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھ کر خوب رُوحانی لطف وسرور محسوس کیا اور فیوض وبرکات حاصل کیں۔

ہم اگلے صفحات میں ''خزینہ درود وسلام'' کی پہلی، دوسری اور تیسری کاوش پر مبنی کتاب کے سرورق کے عکس بھی آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ اس کے علاوہ الجزائر کے سفارت خانے اور الجزائر کے وزیر اوقاف اور مذہبی اُمور کی دُعاؤں سے لبریز خطوط کے عکس بھی کتاب کے حصّہ دوئم (ج) میں شامل ہیں۔

خزینہ درود وسلام کی چوتھی اشاعت (بمع اُردو ترجمہ):

''خزینہ درود وسلام'' کی چوتھی کاوش آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ کاوش میرے مرشد سیّدی ومرشدی حضرت مجیب احمد قطب، قطب الاقطاب، غوث الکبیر کی فیضانِ نگاہ کا نتیجہ ہے۔ خدا کرے کہ ''خزینہ درود وسلام'' کو باراوّل سے بار چہارم تک لکھنے والوں کا یہ عمل بارگاہِ خداوندی اور بارگاہِ رسول مقبولﷺ میں شرفِ قبولیت کا باعث بنے اور اس کتاب کو پڑھنے اور اس میں لکھے ہوئے درود شریف کے ورد کرنے والوں پر اللہ عزّ وجل کی رحمتوں کا ہر وقت، ہر گھڑی نزول ہوتا رہے۔

یہ عاجز اپنے مرشدِ عظیم، حضرت مجیب احمد قادری چشتی نظامی وصابری اور اُن کے والدین کریمین اور اُن کے دیگر عزیز واقارب، ''خزینہ درود وسلام'' کو باراوّل سے بار چہارم تک لکھنے والوں، اُن کے والدین کریمین، اُن کے رشتہ داروں اور پڑھنے والوں اور پڑھ کر عمل کرنے

والوں کے والدین کریمین اور رشتہ داروں اور جمیع اُمّت محمدی کی مغفرت فرمائے۔ اللہ عزّ وجل روزِ محشر ہم سب مسلمانوں کی خطائیں معاف فرمائے اور ہم سب کو نبی رحمت ﷺ کی شفاعت نصیب فرمائے۔

جن صاحبان نے ''خزینہ درود و سلام'' کی تیاری میں دامے، درمے، سخنے، قدمے حصّہ لیا، اللہ عزّ وجل اُن کی تمام جائز دُنیاوی حاجات پوری فرمائے اور آخرت میں اُن کے درجات بلند فرمائے۔ (آمین)

طالبِ دُعا

احقر

محمد یامین

قادری چشتی صابری قلندری

کراچی

باب اوّل

۵۷۵ نادر صیغہ ہائے درود و سلام کا مجموعہ

(قرآنی آیات کا ترجمہ کنز الایمان سے ماخوذ ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ مَنْ نُّوْرِہٖ

۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ کُلَّ خَیْرٍ مِّنْ نُّوْرِہٖ

۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الْعَرْشَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الْکُرْسِیَّ مِنْ نُّوْرِہٖ

۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ حَمَلَۃَ الْعَرْشِ مِنْ نُّوْرِہٖ

۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ خَزَنَۃَ الْکُرْسِیِّ مِنْ نُّوْرِہٖ

۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الْقَلَمَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ اللَّوْحَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الْعِلْمَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۱۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الْحِلْمَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۱۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الْجَنَّۃَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۱۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الْمَلَآئِکَۃَ مِنْ نُّوْرِہٖ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کو اللہ عزّ وجل نے اپنے نور سے پیدا فرمایا۔

۲۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے ہر بھلائی کو پیدا فرمایا۔

۳۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے عرش کو پیدا فرمایا۔

۴۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے کرسی کو پیدا فرمایا۔

۵۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے عرش اُٹھانے والے فرشتوں کو پیدا فرمایا۔

۶۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے خازنینِ کرسی تخلیق فرمائے۔

۷۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے قلم کو پیدا فرمایا۔

۸۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے لوح کو پیدا فرمایا۔

۹۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے علم کو پیدا فرمایا۔

۱۰۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے بُردباری کو پیدا فرمایا۔

۱۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے جنت کو پیدا فرمایا۔

۱۲۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے فرشتوں کو پیدا فرمایا۔

۱۳- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الشَّمْسَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۱۴- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الْقَمَرَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۱۵- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الْكَوَاكِبَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۱۶- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الْعَقْلَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۱۷- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ الْعِصْمَةَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۱۸- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ التَّوْفِيْقَ مِنْ نُّوْرِہٖ

۱۹- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ اَرْوَاحَ الرُّسُلِ مِنْ نُّوْرِہٖ

۲۰- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ اَرْوَاحَ الْاَنْبِيَآءِ مِنْ نُّوْرِہٖ

۲۱- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ اَرْوَاحَ الْاَوْلِيَآءِ مِنْ نُّوْرِہٖ

۲۲- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ اَرْوَاحَ السُّعَدَآءِ مِنْ نُّوْرِہٖ

۲۳- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ اَرْوَاحَ الشُّهَدَآءِ مِنْ نُّوْرِہٖ

۲۴- اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ اَرْوَاحَ الْمُطِيْعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِلٰی يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مِنْ نُّوْرِہٖ

۱۳- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے سورج کو پیدا فرمایا۔

۱۴- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے چاند کو پیدا فرمایا۔

۱۵- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے ستاروں کو پیدا فرمایا۔

۱۶- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے عقل کو پیدا فرمایا۔

۱۷- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے پاکدامنی کو پیدا فرمایا۔

۱۸- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے توفیق کو پیدا فرمایا۔

۱۹- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے رسولوں کی ارواح کو پیدا فرمایا۔

۲۰- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے نبیوں کی رُوحوں کو پیدا فرمایا۔

۲۱- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے ولیوں کی رُوحوں کو پیدا فرمایا۔

۲۲- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے نیک بختوں کی رُوحوں کو پیدا فرمایا۔

۲۳- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے شہیدوں کی رُوحوں کو پیدا فرمایا۔

۲۴- درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے قیامت تک اطاعت کرنے والی مومنین کی رُوحوں کو پیدا فرمایا۔

۲۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰهُ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ نُّوْرِهٖ

۲۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ خَلَقَ اللّٰهُ اَرْوَاحَ الْاَتْقِيَآءِ مِنْ نُّوْرِهٖ

۲۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّهٖ وَاِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ

۲۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّهٖ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰی قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

۲۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّهٖ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ

۳۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّهٖ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ" مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ" لِّمَا مَعَهُمْ

۳۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّهٖ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا

۳۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّهٖ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

۲۵۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے مومنین کی رُوحوں کو پیدا فرمایا۔

۲۶۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر جن کے نور سے اللہ عزّ وجل نے پرہیزگاروں کی ارواح کو پیدا فرمایا۔

۲۷۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور اگر تمہیں کچھ شک ہو اس میں جو ہم نے اپنے (اس خاص) بندے پر اُتارا تو اِس جیسی ایک سورت تو لے آؤ''۔ (البقرہ:۲۳)

۲۸۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''تو اس (جبرائیل) نے تو تمہارے دل پر اللہ کے حکم سے یہ قرآن اُتارا اگلی کتابوں کی تصدیق کرتا''۔ (البقرہ:۹۷)

۲۹۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور بے شک ہم نے تمہاری طرف روشن آیتیں اُتاریں''۔ (البقرہ:۹۹)

۳۰۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور جب اُن کے پاس تشریف لایا اللہ کے یہاں سے ایک رسول، اُن کی کتابوں کی تصدیق فرماتا''۔ (البقرہ:۱۰۱)

۳۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''بے شک ہم نے تمہیں حق کے ساتھ بھیجا خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا''۔ (البقرہ:۱۱۹)

۳۲۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے رب ہمارے بھیج ان میں ایک رسول انہیں میں سے کہ اُن پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور انہیں تیری کتاب اور پختہ علم سکھائے''۔ (البقرہ:۱۲۹)

۳۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
کَمَآ اَرْسَلْنَا فِیْکُمْ رَسُوْلًا مِّنْکُمْ یَتْلُوْا عَلَیْکُمْ اٰیٰتِنَا
وَیُزَکِّیْکُمْ وَیُعَلِّمُکُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ

۳۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
تِلْکَ اٰیٰتُ اللّٰہِ نَتْلُوْھَا عَلَیْکَ بِالْحَقِّ وَاِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ

۳۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ، یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
نَزَّلَ عَلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ

۳۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
ھُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلَیْکَ الْکِتٰبَ مِنْہُ اٰیٰتٌ" مُّحْکَمٰتٌ"

۳۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ
وَیَغْفِرْلَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ" رَّحِیْمٌ"

۳۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰہَ
لَا یُحِبُّ الْکٰفِرِیْنَ

۳۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
ثُمَّ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ" مُّصَدِّقٌ" لِّمَا مَعَکُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِہٖ وَلَتَنْصُرُنَّہٗ

۳۳۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''جیسا ہم نے تم میں سے بھیجا ایک رسول تم میں سے، کہ تم پر ہماری آیتیں تلاوت فرماتا ہے اور تمہیں پاک کرتا اور کتاب اور پختہ علم سکھاتا ہے''۔ (البقرہ:۱۵۱)

۳۴۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''یہ اللہ کی آیتیں ہیں کہ اے محبوب تم پر ٹھیک ٹھیک پڑھتے ہیں اور تم بے شک رسولوں میں ہو''۔ (البقرہ:۲۵۲)

۳۵۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اُس نے آپ پر یہ سچی کتاب اُتاری اگلی کتابوں کی تصدیق فرماتی (ہوئی)''۔ (آلِ عمران:۳)

۳۶۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''وہی ہے جس نے تم پر یہ کتاب اُتاری اُس کی کچھ آیتیں صاف معنی رکھتی ہیں''۔ (آلِ عمران:۷)

۳۷۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے محبوب! آپ فرما دو کہ لوگو! اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرماں بردار ہو جاؤ، اللہ تمہیں دوست رکھے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے''۔ (آلِ عمران:۳۱)

۳۸۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''تم فرما دو کہ حکم مانو اللہ اور رسول کا پھر اگر وہ منہ پھیریں تو اللہ کو خوش نہیں آتے کافر''۔ (آل عمران:۳۲)

۳۹۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول کہ تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو تم ضرور اُس پر ایمان لانا''۔ (آلِ عمران:۸۱)

۴۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّهٖ
وَاَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوۡلَ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ

۴۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّهٖ
وَمَا مُحَمَّدٌ" اِلَّا رَسُوۡلٌ" قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهِ الرُّسُلُ

۴۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّهٖ
وَالرَّسُوۡلُ يَدۡعُوۡكُمۡ فِیۡۤ اُخۡرٰىكُمۡ

۴۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّهٖ
فَبِمَا رَحۡمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنۡتَ لَهُمۡ

۴۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّهٖ
اِذۡ بَعَثَ فِيۡهِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡ اَنۡفُسِهِمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيۡهِمۡ
وَ يُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ

۴۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّهٖ
اَلَّذِيۡنَ اسۡتَجَابُوۡا لِلّٰهِ وَالرَّسُوۡلِ

۴۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّهٖ
وَمَنۡ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ يُدۡخِلۡهُ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ

۴۰۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور اللہ اور رسول کے فرماں بردار رہو اس اُمید پر کہ تم رحم کیے جاؤ''۔ (آل عمران: ۱۳۲)

۴۱۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور محمد ﷺ تو ایک رسول ہیں اِن سے پہلے اور رسول ہو چکے''۔ (آلِ عمران: ۱۴۴)

۴۲۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور دوسری جماعت میں ہمارے رسول تمہیں پکار رہے تھے''۔ (آلِ عمران: ۱۵۳)

۴۳۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''تو کیسی اللہ کی مہربانی ہے کہ اے محبوب تم ان کے لیے نرم دل ہو''۔ (آلِ عمران: ۱۵۹)

۴۴۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''انہیں میں سے ایک رسول بھیجا جو اُن پر اُس کی آیات پڑھتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے''۔ (آلِ عمران: ۱۶۴)

۴۵۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''وہ جو اللہ اور رسول کے بلانے پر حاضر ہوئے''۔ (آلِ عمران: ۱۷۱)

۴۶۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''جو حکم مانے اللہ اور اللہ کے رسول کا اللہ اُسے باغوں میں لے جائے گا جن کے نیچے نہریں رواں (ہیں)''۔ (النساء: ۱۳)

۴۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
وَجِئۡنَا بِکَ عَلٰی ھٰٓؤُلَآءِ شَھِیۡدًا

۴۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
یٰٓاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡٓا اَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ

۴۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰہُ عَلَیۡھِمۡ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیۡقِیۡنَ
وَالشُّھَدَآءِ وَالصّٰلِحِیۡنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیۡقًا

۵۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
وَاَرۡسَلۡنٰکَ لِلنَّاسِ رَسُوۡلًا وَّکَفٰی بِاللّٰہِ شَھِیۡدًا

۵۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
مَنۡ یُّطِعِ الرَّسُوۡلَ فَقَدۡ اَطَاعَ اللّٰہَ

۵۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
اِنَّآ اَنۡزَلۡنَآ اِلَیۡکَ الۡکِتٰبَ بِالۡحَقِّ لِتَحۡکُمَ بَیۡنَ النَّاسِ
بِمَآ اَرٰئکَ اللّٰہُ

۵۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
وَاَنۡزَلَ اللّٰہُ عَلَیۡکَ الۡکِتٰبَ وَالۡحِکۡمَۃَ وَعَلَّمَکَ مَا لَمۡ
تَکُنۡ تَعۡلَمُ وَکَانَ فَضۡلُ اللّٰہِ عَلَیۡکَ عَظِیۡمًا

۴۷۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور اے محبوب تمہیں ان سب پر گواہ اور نگہبان بنا کر لائیں''۔ (النساء:۴۱)

۴۸۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے ایمان والو حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا''۔ (النساء:۵۹)

۴۹۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور جو اللہ اور اُس کے رسول کا حکم مانے تو اُسے ان کا ساتھ ملے گا جن پر اللہ نے فضل کیا۔ یعنی انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور نیک لوگ یہ کیا ہی اچھے ساتھی ہیں''۔ (النساء:۶۹)

۵۰۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور اے محبوب ہم نے تمہیں سب لوگوں کے لیے رسول بنا کر بھیجا اور اللہ کافی ہے گواہ''۔ (النساء:۷۹)

۵۱۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''جس نے رسول کا حکم مانا۔ بے شک اُس نے اللہ کا حکم مانا''۔ (النساء:۸۰)

۵۲۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے محبوب بے شک ہم نے تمہاری طرف سچی کتاب اُتاری کہ تم لوگوں میں فیصلہ کرو۔ جس طرح اللہ تمہیں دِکھائے''۔ (النساء:۱۰۵)

۵۳۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور اللہ نے تم پر کتاب و حکمت اُتاری اور تمہیں سکھا دیا جو تم نہ جانتے تھے، اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے''۔ (النساء:۱۱۳)

۵۴۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ
وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ
غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ

۵۵۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِىْ
نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ

۵۶۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ
لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
يَشْهَدُوْنَ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا

۵۷۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ
فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ

۵۸۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ" مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ
اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا

۵۹۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ
وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ
عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ

۵۴۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور جو رسول کے خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اُس پر کھل چکا، اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے، ہم اُسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے اور اُسے دوزخ میں داخل کریں گے''۔ (النساء:۱۱۵)

۵۵۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے ایمان والو! ایمان رکھو (لاؤ) اللہ اور اُس کے رسول پر اور اِس کتاب پر جو اپنے اُن رسول پر اُتاری''۔ (النساء:۱۳۶)

۵۶۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''لیکن اے محبوب! اللہ اس کا گواہ ہے جو اُس نے تمہاری طرف اُتارا وہ اُس نے اپنے علم سے اُتارا اور فرشتے گواہ ہیں اور اللہ کی گواہی کافی ہے''۔ (النساء:۱۶۶)

۵۷۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے لوگو! تمہارے پاس یہ رسول حق کے ساتھ تمہارے رب کی طرف سے تشریف لائے، تو ایمان لاؤ اپنے بھلے کو''۔ (النساء:۱۷۰)

۵۸۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے لوگو! بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے واضح دلیل آئی اور ہم نے تمہاری طرف روشن نور اُتارا''۔ (النساء:۱۷۴)

۵۹۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور تم ہمیشہ اُن کی ایک نہ ایک دغا پر مطلع ہوتے رہو گے سوا تھوڑوں کے تو انہیں معاف کر دو اور اُن سے درگزر کرو، بے شک احسان والے اللہ کو محبوب ہیں''۔ (المائدہ:۱۳)

۶۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
یٰۤاَھْلَ الْکِتَابِ قَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَکُمْ کَثِیْرًا
مِّمَّا کُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْکِتَابِ وَیَعْفُوْا عَنْ کَثِیْرٍ

۶۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
قَدْ جَآءَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَّکِتَابٌ مُّبِیْنٌ ۝ یَّھْدِیْ بِہِ
اللّٰہُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَہٗ سُبُلَ السَّلَامِ

۶۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
یٰۤاَھْلَ الْکِتَابِ قَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَکُمْ عَلٰی
فَتْرَۃٍ مِّنَ الرُّسُلِ

۶۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
فَاِنْ جَآءُوْکَ فَاحْکُمْ بَیْنَھُمْ اَوْاَعْرِضْ عَنْھُمْ وَاِنْ تُعْرِضْ
عَنْھُمْ فَلَنْ یَّضُرُّوْکَ شَیْئًا وَاِنْ حَکَمْتَ فَاحْکُمْ بَیْنَھُمْ
بِالْقِسْطِ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ

۶۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
وَاَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ الْکِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ
یَدَیْہِ مِنَ الْکِتَابِ

۶۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

۶۰۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’اے کتاب والو! بے شک تمہارے پاس ہمارے یہ رسول تشریف لائے کہ تم پر ظاہر فرماتے ہیں بہت سی وہ چیزیں جو تم نے کتاب میں چھپا ڈالی تھیں اور بہت سی معاف فرماتے ہیں‘‘۔ (المائدہ:۱۵)

۶۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’بے شک تمہارے اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب، اللہ اس سے ہدایت دیتا ہے اُسے جو اللہ کی مرضی پر چلا سلامتی کے ساتھ‘‘۔ (المائدہ:۱۵۔۱۶)

۶۲۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’اے کتاب والو! بے شک تمہارے پاس ہمارے یہ رسول تشریف لائے کہ تم پر ہمارے احکام ظاہر فرماتے ہیں بعد اس کے کہ رسول کا آنا مدّتوں بند رہا تھا‘‘۔ (المائدہ:۱۹)

۶۳۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’اور اگر تمہارے حضور حاضر ہوں تو اُن میں فیصلہ فرماؤ یا اُن سے منہ پھیر لو اور اگر تم اُن سے منہ پھیر لو گے تو وہ تمہارا کچھ نہ بگاڑیں گے اور اگر ان میں فیصلہ فرماؤ تو انصاف سے فیصلہ کرو بے شک انصاف والے اللہ کو پسند ہیں‘‘۔ (المائدہ:۴۲)

۶۴۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’اے محبوب! ہم نے تمہاری طرف سچی کتاب اُتاری اگلی کتابوں کی تصدیق فرماتی‘‘۔ (المائدہ:۴۸)

۶۵۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’تمہارے دوست نہیں مگر اللہ اور اُس کا رسول اور ایمان والے‘‘۔ (المائدہ:۵۵)

۶۶۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغَالِبُوْنَ

۶۷۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ

۶۸۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ

۶۹۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا

۷۰۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْ بَلَغَ

۷۱۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ وَهٰذَا كِتَابٌ" اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ" مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا

۶۶۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''جو اللہ اور اس کے رسول کو اپنا دوست بنائے تو بے شک اللہ ہی کا گروہ غالب ہے''۔ (المائدہ:۵۶)

۶۷۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے رسول پہنچا دیں جو کچھ اُترا تمہیں تمہارے رب کی طرف سے''۔ (المائدہ:۶۷)

۶۸۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور اگر وہ ایمان لاتے اللہ اور نبی پر اور اُس پر جو اُن کی طرف اُترا تو کافروں سے دوستی نہ کرتے''۔ (المائدہ:۸۱)

۶۹۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور ہوشیار رہو''۔ (المائدہ:۹۲)

۷۰۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور میری طرف اس قرآن کی وحی ہوئی ہے کہ میں اس سے تمہیں ڈراؤں اور جن جن کو پہنچے''۔ (الانعام:۱۹)

۷۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور یہ ہے برکت والی کتاب کہ ہم نے اُتاری، تصدیق فرماتی ان کتابوں کی جو آگے تھیں اور اس لیے کہ تم ڈر سناؤ سب بستیوں کے سرداروں کو اور جو کوئی سارے جہاں میں اس کے گرد ہیں''۔ (الانعام:۹۲)

۷۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
الٓمٓصٓ ٥ کِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَیْکَ فَلَا یَکُنْ فِیْ صَدْرِکَ
حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰی لِلْمُؤْمِنِيْنَ

۷۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ
جَمِیْعَا ۨالَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

۷۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ٥

۷۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰی

۷۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

۷۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ

۷۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ
وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

۷۲۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے محبوب ایک کتاب اُتاری گئی تمہاری طرف تو تمہارا جی اس سے نہ رُکے اس لیے کہ تم اس سے ڈرسناؤ اور مسلمانوں کو نصیحت''۔ (الاعراف: ۱۔۲)

۷۳۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''تم فرماؤ اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اُسی کو ہے''۔ (الاعراف: ۱۵۸)

۷۴۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور اللہ اور اُس کے رسول کا حکم مانو اگر ایمان رکھتے ہو''۔ (الانفال: ۱)

۷۵۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور اے محبوب وہ خاک جو تم نے پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی''۔ (الانفال: ۱۷)

۷۶۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے ایمان والو! اللہ اور اُس کے رسول کا حکم مانو''۔ (الانفال: ۲۰)

۷۷۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے ایمان والو! اللہ اور اُس کے رسول کے بلانے پر حاضر ہو''۔ (الانفال: ۲۴)

۷۸۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اللہ اور اُس کے رسول کا حکم مانو''۔ (الانفال: ۴۶)

۷۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
وَاِنۡ یُّرِیۡدُوۡۤا اَنۡ یَّخۡدَعُوۡکَ فَاِنَّ حَسۡبَکَ
اللّٰہُ ھُوَ الَّذِیۡۤ اَیَّدَکَ بِنَصۡرِہٖ

۸۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
یٰۤاَیُّھَا النَّبِیُّ حَسۡبُکَ اللّٰہُ وَمَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ

۸۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
یٰۤاَیُّھَا النَّبِیُّ حَرِّضِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ عَلَی الۡقِتَالِ

۸۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
ثُمَّ اَنۡزَلَ اللّٰہُ سَکِیۡنَتَہٗ عَلٰی رَسُوۡلِہٖ وَعَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ

۸۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
ھُوَ الَّذِیۡۤ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَہٗ بِالۡھُدٰی وَ دِیۡنِ الۡحَقِّ
لِیُظۡھِرَہٗ عَلَی الدِّیۡنِ کُلِّہٖ

۸۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
اِلَّا تَنۡصُرُوۡہُ فَقَدۡ نَصَرَہُ اللّٰہُ اِذۡ اَخۡرَجَہُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا
ثَانِیَ اثۡنَیۡنِ اِذۡ ھُمَا فِی الۡغَارِ

۸۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا مَنۡ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیۡ حَقِّہٖ
فَاَنۡزَلَ اللّٰہُ سَکِیۡنَتَہٗ عَلَیۡہِ وَاَیَّدَہٗ بِجُنُوۡدٍ لَّمۡ تَرَوۡھَا

۷۹۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’اور اگر وہ تمہیں فریب دینا چاہیں تو بے شک اللہ تمہیں کافی ہے۔ وہی ہے جس نے تمہیں زور دیا اپنی مدد کا‘‘۔ (الانفال:۶۲)

۸۰۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’اے غیب کی خبریں بتانے والے نبی، اللہ تمہیں کافی ہے اور یہ جتنے مسلمان تمہارے پیروکار ہوئے‘‘۔ (الانفال:۶۴)

۸۱۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’اے غیب کی خبریں بتانے والے نبی مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دو‘‘۔ (الانفال:۶۵)

۸۲۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’پھر اللہ نے اپنی تسکین اُتاری اپنے رسول پر اور مسلمانوں پر‘‘۔ (التوبہ:۲۶)

۸۳۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’وہی ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اُسے سب دینوں پر غالب کرے‘‘۔ (التوبہ:۳۳)

۸۴۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’اگر تم محبوب کی مدد نہ کرو، بے شک اللہ نے اُن کی مدد فرمائی جب کافروں کی شرارت سے انہیں باہر تشریف لے جانا ہوا، صرف دو جان سے، جب وہ دونوں غار میں تھے‘‘۔ (التوبہ:۴۰)

۸۵۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ’’تو اللہ نے اُن پر اپنی تسکین اُتاری اور اُن فوجوں سے اُن کی مدد کی جو تم نے نہ دیکھیں‘‘۔ (التوبہ:۴۰)

۸۶۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّهٖ
وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ

۴۶۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّیِّدِ الْمَکِّیِّ

۴۶۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّیِّدِ النَّبِیِّ الْمُصْطَفٰی

۴۶۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّیِّدِ الْاَبْطَحِیِّ

۴۶۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّیِّدِ التَّقِیِّ

۴۶۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّیِّدِ الزَّکِیِّ

۴۶۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّیِّدِ النَّبِیِّ الْحَرَمِیِّ

۴۶۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الطَّاهِرِیْنَ

۴۶۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْوَارِثِیْنَ

۴۶۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ التَّابِعِیْنَ

۴۵۷۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ سچ بولنے والوں کے سردار ہیں۔

۴۵۸۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ کامیاب لوگوں کے سردار ہیں۔

۴۵۹۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ قناعت پسندوں کے سردار ہیں۔

۴۶۰۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ مکّے والوں کے سردار ہیں۔

۴۶۱۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ چُنے ہوئے نبیوں کے سردار ہیں۔

۴۶۲۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ سیّدالبطحا ہیں۔

۴۶۳۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ پرہیزگاروں کے سردار ہیں۔

۴۶۴۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ پاکیزہ سردار ہیں۔

۴۶۵۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ حرم کے نبیوں کے سردار ہیں۔

۴۶۶۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ پاک لوگوں کے سردار ہیں۔

۴۶۷۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ وارثوں کے سردار ہیں۔

۴۶۸۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ تابعداروں کے سردار ہیں۔

۴۶۹۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْفَاضِلِيْنَ

۴۷۰۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُشْفِقِيْنَ

۴۷۱۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الرَّافِعِيْنَ

۴۷۲۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ السَّامِعِيْنَ

۴۷۳۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ السَّالِكِيْنَ

۴۷۴۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُعَلِّمِيْنَ

۴۷۵۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُؤَلِّفِيْنَ

۴۷۶۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّيِّدِ الْقُرَشِيِّ

۴۷۷۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّيِّدِ النَّبِيِّ الْهَاشِمِيِّ

۴۷۸۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّيِّدِ النَّبِيِّ الْعَرَبِيِّ

۴۷۹۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّيِّدِ النَّبِيِّ التُّهَامِيِّ

۴۸۰۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّيِّدِ النَّبِيِّ الْحِجَازِيِّ

۴۶۹۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ فضل کرنے والوں کے سردار ہیں۔

۴۷۰۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ شفقت کرنے والوں کے سردار ہیں۔

۴۷۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ بلند کرنے والوں کے سردار ہیں۔

۴۷۲۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ بات کو غور سے سننے والوں کے سردار ہیں۔

۴۷۳۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ شریعت کے مطابق اطاعت کرنے والوں کے سردار ہیں۔

۴۷۴۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ علم پھیلانے والوں کے سردار ہیں۔

۴۷۵۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ دلوں کو جوڑنے والوں کے سردار ہیں۔

۴۷۶۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ اہلِ قریش کے سردار ہیں۔

۴۷۷۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، محترم نبی ہاشمی۔

۴۷۸۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، محترم نبی عربی۔

۴۷۹۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، محترم نبی تہامی (تہامی یعنی مدینہ منورہ کا وہ علاقہ جہاں راتیں ٹھنڈی ہوتی ہیں)۔

۴۸۰۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، محترم نبی حجازی۔

۴۸۱۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّیِّدِ النَّبِیِّ الْبَشِیْرِ النَّذِیْرِ

۴۸۲۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّیِّدِ النَّبِیِّ الْهَادِیْ مِنَ الضَّلَالَةِ

۴۸۳۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ

۴۸۴۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

۴۸۵۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الشَّمْسِ اِذَآ اَصْبَحَتْ

۴۸۶۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الشَّمْسِ اِذَا طَلَعَتْ

۴۸۷۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الشَّمْسِ اِذَا زَالَتْ

۴۸۸۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الشَّمْسِ اِذَا انْفَطَرَتْ

۴۸۹۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الشَّمْسِ اِذَا انْكُشِطَتْ

۴۹۰۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الشَّمْسِ اِذَا سُیِّرَتْ

۴۹۱۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الشَّمْسِ اِذَا حُشِرَتْ

۴۸۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، محترم نبی آپ بشارت و وعید سنانے والے ہیں۔

۴۸۲۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، محترم نبی آپ گمراہی سے بچنے کی ہدایت دینے والے ہیں۔

۴۸۳۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ نبوت کا دروازہ بند کرنے والے ہیں۔

۴۸۴۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، آپ تمام جہانوں کے رب کے رسول ہیں۔

۴۸۵۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، جب صبح ہو سورج کے ساتھ۔

۴۸۶۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، صبح کو سورج طلوع ہونے کے ساتھ۔

۴۸۷۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، سورج کے ڈوب جانے کے ساتھ۔

۴۸۸۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، سورج کے پھٹ جانے کے ساتھ۔

۴۸۹۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، سورج کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانے کے ساتھ۔

۴۹۰۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، سورج کو چلائے جانے کے ساتھ۔

۴۹۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، سورج کو ہلاک کر دیے جانے کے ساتھ۔

۴۹۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الشَّمۡسِ اِذَا کُوِّرَتۡ

۴۹۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الشَّمۡسِ اِذَا اَدۡبَرَتۡ

۴۹۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الشَّمۡسِ اِذَا انۡفَجَرَتۡ

۴۹۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الشَّمۡسِ اِذَا انۡشَقَّتۡ

۴۹۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الۡقُبُوۡرِ اِذَا بُعۡثِرَتۡ

۴۹۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ یَا رَحۡمَۃً لِّلۡعَالَمِیۡنَ

۴۹۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا قَآئِدَ غُرِّ الۡمُحَجَّلِیۡنَ

۴۹۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا شَفِیۡعَ الۡمُذۡنِبِیۡنَ

۵۰۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا رَسُوۡلَ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ

۵۰۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَآ اَبَا الۡقَاسِمِ وَ اِبۡرٰھِیۡمَ

۵۰۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا جَدَّ الۡحَسَنَیۡنِ

۵۰۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا صَاحِبَ قَابَ قَوۡسَیۡنِ

۴۹۲۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، دھوپ لپیٹے جانے کے ساتھ۔

۴۹۳۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، سورج کے عروج کے ختم ہونے کے ساتھ۔

۴۹۴۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، سورج کے ختم ہو جانے کے ساتھ۔

۴۹۵۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، سورج کے شق ہونے کے ساتھ۔

۴۹۶۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، قبروں کے کھولے جانے کے ساتھ۔

۴۹۷۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) ہمارے سردار محمد ﷺ، اے دونوں جہانوں کے لیے رحمت۔

۴۹۸۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے انتہائی معروف لوگوں کے قائد۔

۴۹۹۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے گناہ گاروں کی شفاعت کرنے والے۔

۵۰۰۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے تمام جہانوں کے رب کے رسول۔

۵۰۱۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ابو القاسم و ابراہیم۔

۵۰۲۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے حسنؓ و حسینؓ کے نانا جان۔

۵۰۳۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے صاحب کمال قربِ الٰہی۔

۵۰۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْکَوْنَیْنِ

۵۰۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ الثَّقَلَیْنَ

۵۰۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اِمَامَ الْحَرَمَیْنِ

۵۰۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خُلَاصَۃَ الْکَوْنَیْنِ

۵۰۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُرْشِدَ الثَّقَلَیْنِ

۵۰۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الرُّسُلِ

۵۱۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاھَادِیَ السُّبُلِ

۵۱۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قَاتِلَ الْکُفَّارِ

۵۱۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَیْرَ الْوَرٰی

۵۱۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نُوْرَ الْھُدٰی

۵۱۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا دَاعِیَ النَّاسِ اِلَی اللّٰہِ

۵۱۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ھَادِیَ النَّاسِ اِلَی اللّٰہِ

۵۰۴۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے دونوں جہانوں کے سردار۔

۵۰۵۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے گروہِ جن وانس کے رسول۔

۵۰۶۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے حرمِ مکہ اور حرمِ مدینہ کے امام۔

۵۰۷۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے خلاصہِ کائنات۔

۵۰۸۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے جن وانس کو ہدایت دینے والے۔

۵۰۹۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے رسولوں کے سردار۔

۵۱۰۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے سیدھے راستے کی طرف راہ نمائی فرمانے والے۔

۵۱۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے کافروں کو واصل جہنم (قتل) کرنے والے۔

۵۱۲۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے تمام مخلوق میں بہترین ہستی۔

۵۱۳۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہدایت کے نور۔

۵۱۴۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے لوگوں کو اللہ کی طرف بلانے والے۔

۵۱۵۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے لوگوں کو اللہ کی طرف ہدایت (راہ نمائی) کرنے والے۔

۵۱۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْبَشَرِ

۵۱۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ شُقَّ لَہُ الْقَمَرُ

۵۱۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَمَلٰٓئِکَتُہٗ وَاَمَرَ الْمُؤْمِنِیْنَ بِالصَّلَاۃِ وَالسَّلَامِ عَلَیْہِ

۵۱۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ لَّمْ یَنْطِقْ اِلَّا بِوَحْیٍ یُّوْحٰٓی اِلَیْہِ

۵۲۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ قَامَ بِاللَّیْلِ بِاَمْرِ رَبِّہِ الْجَلِیْلِ

۵۲۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ جَآءَ بِالْاَمْرِ لِلصَّغِیْرِ وَالْکَبِیْرِ اِلَیْہِ جِبْرَآئِلُ

۵۲۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ ھَاجَرَ بِاَمْرِ رَبِّہٖ مِنْ شَرِّ الْکُفَّارِ الذَّلِیْلِ

۵۲۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ حَفِظَہُ اللّٰہُ فِی الْغَارِ مِنَ الْکُفَّارِ بِالْعَنْکَبُوْتِ وَالْحَمَامَۃِ

۵۲۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ رَاٰی خَلْفَہٗ کَمَا یَرٰی اَمَامَہٗ

۵۱۶۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے تمام انسانوں کے سردار۔

۵۱۷۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کے لیے چاند کو دو ٹکڑے کیا گیا۔

۵۱۸۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن پر اللہ نے خود درود وسلام بھیجا اور فرشتوں اور مومنوں کو بھی درود وسلام بھیجنے کا حکم دیا۔

۵۱۹۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جو صرف وہی ارشاد فرماتے ہیں جو اُن کی طرف وحی کیا جاتا ہے۔

۵۲۰۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جنہوں نے اپنے ربِّ جلیل کے حکم سے راتوں کو قیام کیا۔

۵۲۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کی طرف جبرائیل کبیر وصغیر کے لیے حکم لے کر نازل ہوئے۔

۵۲۲۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جنہوں نے ذلیل کافروں کے شر سے بچنے کے لیے اپنے رب کے حکم سے ہجرت کی۔

۵۲۳۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کی اللہ نے غار میں کافروں سے مکڑی اور کبوتر کے ذریعے حفاظت فرمائی۔

۵۲۴۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جو اپنے پیچھے بھی ایسے ہی دیکھتے ہیں جیسے اپنے آگے (سامنے) دیکھتے ہیں۔

۵۲۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا مَنۡ لَّمۡ يَتَعَلَّمۡ حَرۡفًا وَّعَلِمَ مَا كَانَ وَمَا سَيَكُوۡنُ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ

۵۲۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا مَنۡ جَمَعَ اللّٰهُ اِسۡمَهٗ بِاِسۡمِهٖ فِى الۡاَذَانِ وَالۡاِقَامَةِ

۵۲۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا مَنۡ ضَمَّ اللّٰهُ اِسۡمَهٗ بِاِسۡمِهٖ فِى اللَّوۡحِ الۡمَحۡفُوۡظِ لِلشَّرۡفِ التَّآمَّةِ

۵۲۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا مَنۡ اَمَرَهُ اللّٰهُ بِالذِّكۡرِ بُكۡرَةً وَّعَشِيًّا

۵۲۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا مَنۡ اَمَرَهُ اللّٰهُ بِالتَّسۡبِيۡحِ لَيۡلًا طَوِيۡلًا

۵۳۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا سَيِّدَ الۡمُرۡشِدِيۡنَ

۵۳۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا سَيِّدَ الۡمُبَشِّرِيۡنَ

۵۳۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا سَيِّدَ الۡمُنۡذِرِيۡنَ

۵۳۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا سَيِّدَ الۡهَادِيۡنَ

۵۳۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا سَيِّدَ الۡمَهۡدِيِّيۡنَ

۵۲۵۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جنہوں نے کسی انسان سے ایک حرف تک نہ سیکھا اور سابقہ اور قیامت تک آنے والی باتوں کا علم رکھتے ہیں۔

۵۲۶۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کا نام اللہ نے اذان و اقامت میں اپنے نام کے ساتھ جمع فرمایا۔

۵۲۷۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جن کا نام اللہ نے با کمال شرف اپنے نام کے ساتھ لوح محفوظ میں اکٹھا کیا۔

۵۲۸۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جنہیں اللہ نے صبح وشام اپنے ذکر کا حکم دیا۔

۵۲۹۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) جنہیں اللہ نے طویل راتوں میں تسبیح کرنے کا حکم دیا۔

۵۳۰۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہدایت دینے والوں کے سردار۔

۵۳۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے خوشخبری دینے والوں کے سردار۔

۵۳۲۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ڈر سنانے والوں کے سردار۔

۵۳۳۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے سیدھا راستہ دکھانے والوں کے سردار۔

۵۳۴۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہدایت یافتہ لوگوں کے سردار۔

۵۳۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الْعَابِدِیْنَ

۵۳۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الْعَارِفِیْنَ

۵۳۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الْمُخْلِصِیْنَ

۵۳۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ السَّآئِرِیْنَ

۵۳۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الرَّاجِعِیْنَ

۵۴۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الْاَوَّابِیْنَ

۵۴۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الذَّاکِرِیْنَ

۵۴۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الْمُهَلِّلِیْنَ

۵۴۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الْمُسَبِّحِیْنَ

۵۴۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الْمُمَجَّدِیْنَ

۵۴۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الْمَمْدُوْحِیْنَ

۵۴۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الْمَحْمُوْدِیْنَ

۵۳۵۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے عبادت گزاروں کے سردار۔

۵۳۶۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے رہبر و عارفین کے سردار۔

۵۳۷۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے مخلصوں کے سردار۔

۵۳۸۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے مسافروں کے سردار۔

۵۳۹۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے اللہ کی طرف رجوع ہونے والوں کے سردار۔

۵۴۰۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے توبہ کرنے والوں کے سردار۔

۵۴۱۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ذِکر کرنے والوں کے سردار۔

۵۴۲۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے عاجزی کرنے والوں کے سردار۔

۵۴۳۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے تسبیح کرنے والوں کے سردار۔

۵۴۴۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ممتاز اور بزرگ لوگوں کے سردار۔

۵۴۵۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے تعریف کیے گئے لوگوں کے سردار۔

۵۴۶۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے حمد و ثناء کرنے والوں کے سردار۔

۵۴۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْمَخْلُوْقِیْنَ

۵۴۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْمَحْبُوْبِیْنَ

۵۴۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْمُشْتَاقِیْنَ

۵۵۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْعَاشِقِیْنَ

۵۵۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْعَارِفِیْنَ

۵۵۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْوَاصِلِیْنَ

۵۵۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الْاَرْضِ اِذَا دُکَّتْ

۵۵۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الصُّدُوْرِ اِذَا خَلَصَتْ

۵۵۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الدَّرَجَاتِ اِذَا رُفِعَتْ

۵۵۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الْکُتُبِ اِذَا قُرِئَتْ

۵۵۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الْحَسَنَاتِ اِذَا اُظْهِرَتْ

۵۵۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ السَّیِّاٰتِ اِذَا اُبْدِلَتْ

۵۴۷۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے تمام مخلوق کے سردار۔

۵۴۸۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے تمام محبوبوں کے سردار۔

۵۴۹۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے تمام مشتاق لوگوں کے سردار۔

۵۵۰۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے تمام عاشقوں کے سردار۔

۵۵۱۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے تمام عارفین کے سردار۔

۵۵۲۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے اللہ سے تعلق رکھنے والوں کے سردار۔

۵۵۳۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، زمین کے ساتھ جب اُسے توڑ دیا جائے۔

۵۵۴۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، سینوں کے ساتھ جب وہ خالی کیے جائیں۔

۵۵۵۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، درجات کے ساتھ جب وہ بلند کر دیے جائیں۔

۵۵۶۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، کتابوں کے ساتھ جب انہیں پڑھا جائے۔

۵۵۷۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، نیکیوں کے ساتھ جب وہ ظاہر کر دی جائیں۔

۵۵۸۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، بُرائیوں کے ساتھ جب انہیں نیکیوں میں بدل دیا جائے۔

۵۵۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰی

۵۶۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی

۵۶۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ مَنْ اٰمَنَ وَاتَّقٰی

۵۶۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ مَنْ سَبَّحَ وَصَلّٰی

۵۶۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ مَنْ صَدَّقَ وَاهْتَدٰی

۵۶۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ النُّجُوْمِ وَکَوَاکِبِهَا

۵۶۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الْجَنَّةِ اِذَآ اُزْلِفَتْ

۵۶۶۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الْکُتُبِ اِذَا نُشِرَتْ

۵۶۷۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعَ الْحَاجَاتِ اِذَا قُضِیَتْ

۵۶۸۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْقَطْرَاتِ وَاَمْطَارِهَا

۵۶۹۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الرَّمْلِ وَاَتْرَابِهَا

۵۷۰۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الشَّجَرِ وَاَوْرَاقِهَا

۵۵۹۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، دن کے ساتھ جب وہ روشن ہو جائے۔

۵۶۰۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، رات کے ساتھ جب وہ چھا جائے۔

۵۶۱۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، ایمان لانے اور پرہیز گاری اختیار کرنے کے ساتھ۔

۵۶۲۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، تسبیح کرنے اور نماز پڑھنے کے ساتھ۔

۵۶۳۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، تصدیق کرنے والے اور ہدایت یافتہ کے ساتھ۔

۵۶۴۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، ستاروں اور سیاروں کی تعداد کے برابر۔

۵۶۵۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، جنت کے قریب لائے جانے کے ساتھ۔

۵۶۶۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، کتابوں کے ساتھ جب وہ سنا دی جائیں گی۔

۵۶۷۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، حاجات کے پورا کیے جانے کے ساتھ۔

۵۶۸۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، بارشوں اور قطروں کی تعداد کے برابر۔

۵۶۹۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، ریت اور مٹی کی تعداد کے برابر۔

۵۷۰۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، درختوں اور اُن کے پتوں کی تعداد کے برابر۔

۵۷۱۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَعَدَدِ الضُّحٰی وَمَسَآئِهَا

۵۷۲۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَعَدَدِ الطُّیُوْرِ وَ وُحُوْشِهَا

۵۷۳۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَعَدَدِ الْجِنِّ وَاِنْسِهَا

۵۷۴۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَعَدَدِ النَّهَارِ وَسَاعَاتِهَا

۵۷۵۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَعَدَدِ الْخَلْقِ وَاَنْفَاسِهِمْ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَوَاتِ اَنْ تَغْفِرَلِیْ سَیِّاٰتِیْ
وَتَوَفَّنِیْ مَعَ الْاَبْرَارِ وَ اَنْ تُكْرِمَنِیْ بِرُؤْيَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَنَامِ وَلِوَالِدَیَّ وَالْاُسْتَاذِیْ وَلِجَمِيْعَ
الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ
مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○

۵۷۱۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، دوپہروں اور شاموں کی تعداد کے برابر۔

۵۷۲۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، پرندوں اور جانوروں کی تعداد کے برابر۔

۵۷۳۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، جنوں اور انسانوں کی تعداد کے برابر۔

۵۷۴۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، دِنوں اور گھڑیوں کی تعداد کے برابر۔

۵۷۵۔ درود وسلام ہو آپ ﷺ پر (اے وہ عظیم ہستی) اے ہمارے سردار محمد ﷺ، تمام مخلوق اور تمام نفوس (اُن کی جانوں) کی تعداد کے برابر۔

اے اللہ! میں ان صیغہ ہائے درود وسلام کے وسیلہ سے تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تُو میرے گناہ معاف فرما کر مجھے نیک لوگوں میں شامل فرمادے اور خواب میں مجھے سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی زیارتِ مبارکہ کا شرف عنایت فرما، اسی طرح میرے والدین، اساتذہ، جمیع مومنین، مومنات، مسلمین، مسلمات جو زندہ ہیں یا اس دُنیا سے کوچ کر گئے ہیں، اُن سب کی بھی بخشش ومغفرت فرمادے۔ آمین

﴿باب دوم﴾

خزینہ درود و سلام

(ا) مولف حضرت افتخار احمد قاری، قادری، شاذلی کا درود شریف اِلقائی

(ب) پچھلی اشاعتوں کے سرورق کا عکس

(ج) چند تعریفی خطوط

۲۸ ربیع الاوّل شریف ۱۴۳۲ھ بروز جمعة المبارک (بمطابق ۴ مارچ ۲۰۱۱ء) جناب افتخار احمد حافظ قادری شاذلی قونیوی پر درج ذیل دُرود وسلام کا صیغہ اِلقاء ہوا۔

درودِ القائی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَدَدَ اَنۡتَ تُصَلِّیۡ وَعَدَدَ مَلَائِکَتِكَ یُصَلُّوۡنَ وَعَدَدَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ صَلُّوۡا وَسَلَّمُوۡا وَسَیُصَلُّوۡنَ وَسَیُسَلِّمُوۡنَ عَلٰی حَبِیۡبِكَ سَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا وَشَفِیۡعِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَاَوۡلِیَائِہٖ وَ خَصُوۡصًا عَلَی الۡاَبَوَیۡنِ الۡکَرِیۡمَیۡنِ لِسَیِّدِنَا وَمَوۡلَانَا خَیۡرُ الۡاَنَامِ وَعَلٰی وَلَدِہٖ الۡغَوۡثِ الۡاَعۡظَمِ سَیِّدِنَا الشَّیۡخِ عَبۡدِ الۡقَادِرِ الۡجِیۡلَانِیۡ وَاَبَوَیۡہِ الۡکَرِیۡمَیۡنِ وَعَلٰی قُطۡبِ الزَّمَانِ سَیِّدِنَا اَبُوالۡحَسَنۡ اَلشَّاذُلِیۡ وَعَلٰی سِرِّ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ مَوۡلَانَا جَلَالُ الدِّیۡنِ الرُّوۡمِیۡ وَعَلٰی سَیِّدِیۡ وَمُرۡشِدِیۡ وَمَوۡلَایَ اَلسَّیِّدِ تَیۡسِیۡرَ مُحَمَّدِ یُوۡسُفَ اَلۡحَسَنِیۡ اَلسَّمۡھُوۡدِیۡ اَلۡمَدَنِیۡ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ۔

پہلی اشاعت

مجموعہ

صلواۃ النبی

یہ نایاب درود پاک تیسری صدی میں تالیف کیا گیا تھا۔ اس کا ایک نسخہ برلن لائبریری اور ایک نسخہ برٹش لائبریری میں محفوظ ہے تفصیل اندر کے صفحات پر۔
اس کی اشاعت کی سعادت ادارہ منادی کو حاصل ہوئی ہے۔

منادی پبلی کیشنز اسلام آباد

دوسری اشاعت

575 نادر صیغہ ہائے درود و سلام کا مجموعہ

کنز
فی الصلاۃ والسلام علٰی
سیدنا و مولانا شفیع الانام

خزینہ درود و سلام

ترتیب وتقدیم
افتخار احمد حافظ قادری

﴿تیسری اشاعت﴾

کنز فی الصلاۃ و السلام علی

سیدنا و مولانا شفیع الانام

(575 نادر صیغہ ہائے درود وسلام کا مجموعہ)

خزینۂ درود وسلام

(اردو ترجمے کے ساتھ)

ترتیب: افتخار احمد حافظ قادری

ترجمہ: اُمِ زینب

برائے ایصال ثواب: حضرت پیر محمد گل بادشاہ رحمۃ اللہ علیہ

حضرت پیر محمد فاروق گل بادشاہ رحمۃ اللہ علیہ

جمیع امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم

اہتمام طباعت: پیر محمد مجتبیٰ فاروق گل بادشاہ مدظلہ العالی

خلفائے کرام و خادمین دربار عالیہ موہڑہ شریف

خیابان سرسید، راولپنڈی

EMBASSY OF THE
PEOPLE'S DEMOCRATIC REPUBLIC OF ALGERIA
ISLAMABAD

سفارة الجمهورية
الجزائرية الديمقراطية الشعبية
اسلام آباد

No.GN/25/2011
February 28, 2011.

The Embassy of the People's Democratic Republic of Algeria in Islamabad has the honor to forward herewith enclosed Original **"Letter of Thanks"** emanating from His Excellency the Minister of Religious Affairs and Endowment of the People's Democratic Republic of Algeria, on receipt of the Islamic Book which you have sent to the latter.

With compliments,

Mr. Iftakhar Ahmed Hafiz Qadri
House No.999/A-6, Street No.9,
Afshan Colony, Rawalpindi Cantt
RAWALPINDI

الجمهورية الجزائرية الديمقراطية الشعبية

وزارة الشؤون الدينية و الأوقاف

الــوزيــر

السيد الأستاذ الدكتور افتخار أحمد قادري

حفظه الله

تحية مباركة طيبة ، و بعد ؛

لقـد سـعدت بتلقـي هـديتكم الكريمـة الـتي تفضلتم بإرسـالها إلي المتمثلة في نسـخة مـن كتـابكم المبـارك "كنز في الصلاة و السـلام علـى سـيدنا و مولانا شفيع الأنام" .

و إنني إذ أشكر جزيل الشكر على التفاتتكم الكريمة هـذه ، فإني أتوسل إلى المولى عز وجل بجاه حبيبه المصطفى صلى الله عليه و سلم أن يجزيكم عن هـذا العمل المبارك خير الجزاء و يديم عليكم و على ذويكم لطفه و عنايته و توفيقه .

مع فائق الود و الشكر و التقدير

وزير الشؤون الدينية و الأوقاف

بو عبد الله غلام الله

دُرود و سلام پر کام کرنے کی سعادت

درُودوسلام ہی وہ واحد عبادت ہے جو ہر حال میں قبول و منظور ہے۔ افتخار احمد حافظ قادری اِس لحاظ سے خوش بخت اور سعادت مند ہیں کہ وہ اپنے ایک محبّ و عاشقِ درُودوسلام محمد ذیشان انجم قادری کے ہمراہ اِس مقبول و منظور عمل میں کوشاں اور مصروف رہتے ہیں۔ بحمد اللہ! اب تک درُودوسلام کے موضوع پر کئی کتابیں خوبصورت و احسن انداز میں شائع ہو کر نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر تقسیم ہو کر پذیرائی حاصل کر چکی ہیں۔ برکت کیلئے صرف مراکش کے سربراہِ مملکت کے دستخطوں سے شکریے اور پذیرائی کے خط کا عکس ملاحظہ فرمائیں۔

الحمد لله وحده

والصلاة والسلام على مولانا رسول الله وآله وصحبه

صاحب الجلالة الملك محمد السادس

إلى

السيد افتخار أحمد حافظ قادري

-باكستان-

لقد تلقيت باعتزاز كبير هديتكم الكريمة المتمثلة في نسختين من كتاب "أفضل الصلوات على سيد السادات وسعادة الدارين في الصلاة على سيد الكونين" وكتيب "دلائل الخيرات" .

وانني إذ أعرب لكم عن تشكراتي الحارة وامتناني العميق على هذه الالتفاتة الطيبة، لأرجو الله سبحانه وتعالى أن يشملكم بحفظه ورعايته، ويمن عليكم بنعمة الصحة والعافية والهناء، وأن يكلل أعمالكم بالتوفيق .

والسلام عليكم ورحمة الله تعالى وبركاته .

25 مارس 2010

محمد السادس
ملك المغرب

باب سوم

سفرنامہ زیارات

سفرنامہ زیارات

قارئین کرام، حضرت افتخار احمد حافظ قادری شاذلی، سرزمین انبیاء، اہل بیت و اولیائے عظام کا سفر کرتے رہتے ہیں۔ اس سلسلے میں آپ کئی مرتبہ عراق، اردن، ترکی وشام کا سفر کر چکے ہیں اور اپنے عینی مشاہدات کا حال سفرنامے کی صورت میں مرتب فرما چکے ہیں۔ ان واقعات میں قبورِ انبیا، اہل بیت اور اولیاء کرام کے تصویری واقعات کافی تفصیل سے پیش کیے جاتے ہیں۔ حصولِ برکت کے لیے ہم ان کی کتاب ''سفرنامہ زیاراتِ عراق و اُردن'' (تحریر وتصاویر کے آئینے میں) سے دو واقعات مع تصاویر پیش کرتے ہیں۔

اردن میں ضلع مفرق میں متبرک درخت

اسلامی روایات کی رُو سے دِین حنیف کے پیروکار زید بن عمر بن نفیل، جو مکّہ معظمہ کے باشندے تھے، نے نبی آخرالزماں ﷺ کی ولادتِ مبارکہ کے قریبی عرصہ میں یا شاید ظہور قدسی سے فوراً پہلے فیصلہ کیا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دِین حنیف کی جستجو کی خاطر مکّہ شریف سے عازمِ سفر ہوا جائے۔ وہ پھرتے پھرتے شام اور عراق میں پہنچے۔ اس حوالے سے راہبوں اور پادریوں سے سوال کرتے رہے، یہاں تک کہ وہ بالآخر بلقاء کی وادی حیفاء کے مقام پر ایک راہب سے ملے جس نے انہیں بتایا کہ اُن کے اپنے ہی قوم وقبیلہ سے دِین ابراہیمی کے نام لیوا ایک نبی کا ظہور ہونے والا ہے۔

نبی آخرالزماں ﷺ کے بچپن کے دَور میں حضرت عبد مناف ابوطالب کی ہمراہی میں بحیرہ راہب سے ملاقات ہوئی تھی اور بعدازاں آپ ﷺ اور آپ کی رفاقت میں میسرہ غلام کی ملاقات اسی مقام پر نسطور راہب سے ہوئی۔

صفاوی کے نزدیک آج بھی وہ قدیم درخت موجود ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اسی درخت کے سائے میں آپ ﷺ تشریف فرما ہوئے تھے۔ تاہم حلبی (ستارویں صدی) ابن عساکر (بارہویں صدی) کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ یہ واقعات بلقاء کے ضلع حیفا کے گاؤں میں رُونما ہوئے۔ یہ دونوں مقامات اُردن میں ہیں۔ صفاوی کے قریب واقع درخت کو مقامی آبادی کی سطح پر عرصہ دراز سے اس مخصوص حوالے سے ہی پہچانا جاتا ہے۔

یہ مبارک درخت جس کی عمر تقریباً پندرہ سو سال ہے صحراوی روڈ (جو شہر مفرق اور رویشہ کو ملاتا ہے) کے علاقہ بقیعاویہ/صفاوی میں واقع ہے جو اُردن کے دارالحکومت عمان سے ایک سو پچاس کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ قارئین کی دلچسپی کے لیے ہم اس مبارک درخت کی تصویر پیش کرتے ہیں۔

اس قدیمی درخت کی تصویر کے نیچے نبی اللہ، حضرت نوح علیہ السلام کا مقام مبارک دِکھایا گیا ہے۔ یہ مقام اُردن کے ضلع کرک میں واقع ہے۔ عربی میں مقام ٹھہرنے کی جگہ کو کہتے ہیں جیسے ہمارے ہاں عرف عام میں ''بیٹھک'' کہا جاتا ہے۔ مقام دوسرے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے یعنی جہاں کسی بابرکت شخصیت (نبی، صحابی یا ولی) نے مختصر یا طویل قیام کیا ہو۔

اُردن

صدیوں پرانا درخت جس کے سائے میں سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے دو راہبوں نے ملاقات کی

کرک میں نبی اللہ حضرت نوح علیہ السلام کا مقامِ مبارک

۱۴۵۹ سال قبل حضورﷺ کی زیارت کا شرف حاصل کرنے والا

''صحابی درخت''

موجودگی کا انکشاف اُردن کی دستاویزی فلم سے ہوا، جس کو دُنیا بھر میں پذیرائی ملی

اُردن کے شاہ عبداللہ، شہزادہ غازی اور دیگر نے زیارت کو بڑی سعادت قرار دیا

سرکارِ دوعالمﷺ سے نسبت رکھنے والے اس مبارک درخت کو دریافت کرلیا گیا ہے جس کو ۱۴۵۹ سال قبل حضورﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ اس ''صحابی درخت'' کی موجودگی کا انکشاف اُردن کی اس دستاویزی فلم کے ذریعے ہوا جسے دُنیا بھر میں پذیرائی نصیب ہوئی۔ یہ مبارک درخت وہ ہے جس کو حضورﷺ کی قربت نصیب ہوئی اور اس نے حضورﷺ سے نسبت کا اعزاز یوں پایا کہ سرکارﷺ پر سایہ کناں رہا۔ یعنی اپنی محبت کی چھاؤں نو نبوت پر نچھاور کرتا رہا۔ ترمذی شریف میں ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ اس وقت ۱۲ سال کے تھے جب انہوں نے حضرت ابوطالب کے ساتھ شام کے سفر میں شریک ہونے کی خواہش ظاہر کی اور جس کا احترام کیا گیا۔ تجارت کی غرض سے شام جانے والے اس قافلہ نے بیت المقدس کے قریب بصرہ کے مقام پر قیام کیا اور راستہ میں موجود ایک گھنے درخت کے سائے میں کچھ وقت گزارا۔ یہیں قریب میں واقع ایک گرجا میں مشہور زمانہ راہب بحیرا بھی قیام پذیر تھا۔ شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ نے مدارج

النبوت میں لکھا ہے کہ بحیرا وہاں اس لیے مقیم تھا کیونکہ اسے معلوم تھا یہاں سے اللہ کے آخری رسول ﷺ نے گزرنا ہے، وہ مدتوں سے اسی انتظار میں حجاز سے آنے والے قافلوں کی راہ دیکھتا تھا۔ جب حضرت ابوطالب کے قافلہ میں بحیرا نے حضور ﷺ کو دیکھا تو بھاگا ہوا آیا اور حضور ﷺ کے ہاتھ تھام کر کہا بخدا یہ اللہ کے آخری رسول ہیں۔ بحیرا سے جب پوچھا گیا کہ اس نے حضور ﷺ کو کیسے پہچانا تو اس نے کہا جب قافلہ ایک گھاٹی سے گزرا تھا تو میں نے دیکھا کہ درختوں اور پتھروں نے آپ کو سجدہ کیا ہے، بادل آپ ﷺ پر سایہ کناں ہے تو میں نے جان لیا کہ یہی نبی آخرالزمان ﷺ ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ وہ حضور ﷺ کو مہر نبوت سے بھی پہچان سکتے ہیں جو آپ ﷺ کے دونوں کندھوں کے درمیان ہوگی۔ بحیرا نے قافلہ کے لیے ضیافت کا اہتمام بھی کیا اور حضور ﷺ سے گفتگو کا اعزاز بھی پایا۔ کتب تاریخ و سیرت میں درج ہے کہ صحابی درخت نے اپنی شاخیں فرط جذبات اور عقیدت کے ساتھ آپ کے سر مبارک پر جھکا دیں تھیں۔ ایک روایت یہ بھی بیان کی جاتی ہے کہ جب نبی کریم بحیرا کی درخواست پر گرجا میں تشریف لے گئے تو وہ حضور ﷺ کے نور سے جگمگا اُٹھا تھا۔

اُردن کے علاقہ صفوی میں موجود اس مبارک درخت کی حقیقت سے متعلق دستاویزی فلم میں اُردن کے شاہ عبداللہ دوئم، شہزادہ غازی بن محمد، ڈاکٹر محمد سیّد رمضان، شیخ الحبیب عمر بن فتیح، پروفیسر حسین نصر اور شیخ عبدالحکیم مراد کی آرا بھی شامل ہیں جنہوں نے اس کے حقیقی ہونے کی گواہی دی اور اس کی زیارت کو اپنے لیے بڑی سعادت قرار دیا۔ قریباً ساڑھے ۱۴ سو سال قبل حضور ﷺ سے ملاقات کا شرف پانے والے اس درخت کی ایک لق و دق صحرا میں موجودگی جہاں قدرت کا کرشمہ ہے وہیں اہلِ اسلام کے لیے محبت اور عقیدت کا ایک مرکز

بھی بن گیا ہے کہ اسے حضور ﷺ سے نسبت حاصل ہے۔ حضور ﷺ نے اس درخت کے سائے کو اپنے لیے قبول کیا اس لیے اللہ تعالیٰ نے اسے بقائے دوام بھی بخشا اور دُنیا کے لیے اپنی قدرت کی ایک نشانی بھی بنادی کہ اصحابِ بصیرت و یقین کا ایمان تازہ ہو۔ محققین نے وہ شاہراہ بھی دریافت کر لی ہے جہاں سے حضرت ابوطالب کا قافلہ اس صحابی درخت تک پہنچا تھا۔ عشاقِ رسول ﷺ کے لیے یہ صحابی درخت یقیناً ان رُوحانی قوتوں کا سبب بنے گا جو حیاتِ جاوداں کا باعث ہیں۔

بشکریہ: نوائے وقت کراچی
مورخہ ۵ رصفر المظفر ۱۴۳۵ھ
بمطابق ۹ ردسمبر ۲۱۰۳ء

اصحابِ کہف

قصص القرآن میں ایک اہم قصہ اصحابِ کہف والوں کا ہے۔ کہف غار کو کہتے ہیں اور یہ غار والے لوگوں کا قصہ ہے۔ قرآن پاک کی ایک پوری سورہ کا نام سورۃ الکہف ہے جس میں تفصیل کے ساتھ ان غار والوں اور اُن کے کتے کا ذِکر ہے۔ اس واقعہ کو حضرت مولانا جلال الدین رومی رضی اللہ عنہ نے بھی اپنی مثنوی شریف میں بڑے دلچسپ انداز میں بیان کیا ہے کہ کس طرح ان اصحاب نے بادشاہِ وقت کے ظلم وستم سے تنگ آکر ایک غار میں پناہ لی۔

اصحابِ کہف اُفسس (اف س س) نامی شہر میں رہتے تھے، جسے ترکی کا شہر بتایا جاتا ہے۔ اس علاقہ میں اس وقت دقیانوس بادشاہ کی حکومت تھی۔ یہاں کے حکمراں اور رعایا عیسائیت کو چھوڑ کر چاند دیوی کی پوجا کرنے لگے تھے، بقیہ آبادی یہودی مذہب پر تھی۔
اصحابِ کہف وہ چند نوجوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے اور انہوں نے اعلان کیا کہ ہمارا رب تو بس وہی ہے جو آسمانوں اور زمینوں کا رب ہے۔ ہم اُسے چھوڑ کر کسی اور معبود کو نہیں پکاریں گے۔ ہماری قوم تو ربّ کائنات کو چھوڑ کر دوسرے خدا بنا بیٹھی ہے۔ ہم ان معبودوں سے لاتعلق ہیں اور اسی غار میں پناہ لیتے ہیں۔ ہمارا رب ہم پر اپنی رحمت کا دامن وسیع کرے گا اور ہمارے کام کے لیے سامان مہیا کردے گا۔
قرآن پاک کی سورۃ الکہف میں اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ ” جسے اللہ ہدایت دے وہی

ہدایت پانے والا ہوتا ہے اور جسے اللہ بھٹکا دے تو اُس کے لیے تم کوئی مددگار نہیں پا سکتے۔ تم انہیں (اصحابِ کہف) کو دیکھ کر یہ سمجھ رہے ہو کہ وہ جاگ رہے ہیں، حالانکہ وہ تو سو رہے ہیں۔ ہم انہیں دائیں بائیں کروٹیں بدلواتے رہتے تھے اور اُن کا کتا غار کے دہانے پر ہاتھ (پنجے) پھیلائے بیٹھا تھا۔ اگر تم کہیں جھانک کر انہیں دیکھتے تو اُلٹے پاؤں بھاگ کھڑے ہوتے اور تم پر اُن کے نظارے سے دہشت بیٹھ جاتی۔ اس عجیب کرشمے سے ہم نے انہیں اُٹھایا تا کہ ذرا آپس میں ایک دوسرے سے پوچھ لیں۔ ایک نے پوچھا کہ ہم کتنی دیر اس حال میں رہے؟ تو دوسرے نے کہا کہ شاید دن بھر یا اس سے کچھ کم، پھر وہ بولے، اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ ہمارا کتنا وقت اس حال میں گزرا۔ چلو اپنے میں سے کسی کو چاندی کا یہ سکّہ دے کر شہر بھیجیں اور وہ دیکھے کہ سب سے اچھا کھانا کہاں ملتا ہے؟ وہ ہمارے لیے کھانا لے کر آئے اور کسی کو ہمارے یہاں موجود ہونے کی خبر نہ ہو۔ اگر کہیں اُن لوگوں کا ہاتھ ہم پر پڑ گیا تو وہ ہمیں سنگسار کر ڈالیں گے یا پھر زبردستی ہمیں اپنی قوم میں واپس لے جائیں گے اور اگر ایسا ہوا تو پھر ہم کبھی فلاح نہ پا سکیں گے۔“

اصحابِ کہف کی تعداد کتنی تھی؟ اس کا علم بہت کم لوگوں کو ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ سات تھے۔ ان نوجوانوں کے ساتھ ایک شکاری کتا بھی تھا۔ اس کتّے کا نام قطمیر تھا۔ اصحابِ کہف کتنے عرصہ تک اُس غار میں رہے؟ اس کا جواب قرآنی متن میں موجود ہے، البتہ مفسرّین نے اس عرصہ کی تعبیر اس طرح بیان کی ہے کہ اُس وقت تقویم کے دو طریقے تھے، شمسی اور قمری۔ اصحابِ کہف نے شمسی سال کے اعتبار سے تین سو سال اور قمری کیلنڈر کے اعتبار سے تین سو نو سال اُس غار میں گزارے۔

مقامِ اصحابِ کہف:

مختلف تفاسیر کے مطابق اس مقام کو کہیں ایلا میں لکھا ہے تو کہیں نینوا کے پاس بتایا جاتا ہے۔ ملک شام کے دارالحکومت دمشق میں بھی ایک غار اصحابِ کہف والوں کے نام سے معروف ومشہور ہے۔ اہلِ تُرک بیان کرتے ہیں کہ اصحابِ کہف کی غار ترکی میں ہے لیکن جغرافیائی تقسیم اور محلِ وقوع کے اعتبار سے یہ غار اُردن کے شہر عمان کے مضافات میں واقع زیادہ معتبر معلوم ہوتی ہے۔ یہاں کثیر تعداد میں لوگ اس مقام کو دیکھنے کے لیے آتے ہیں۔

سال ۱۹۹۷ء میں ایک بار اس مقام کو دیکھنے کا موقع ملا اور اب اپنے احباب اور قافلہ والوں کے ہمراہ دوبارہ اس غار کو دیکھا۔ مذکورہ غار کے اندر کچھ قبور بھی اصحابِ کہف والوں کی بتائی جاتی ہیں اور اُن سے منسوب کچھ باقیات بھی ایک الماری میں سلیقہ سے محفوظ ہیں۔ غار کے اندر ایک ذمہ دار شخص موجود ہوتا ہے جو کئی زبانوں میں اس غار کی تعریف کرتا ہے۔ وہ انتہائی وثوق سے یہ بتا رہا تھا کہ قرآن پاک میں اصحابِ کہف کا جو ذِکر موجود ہے یہ وہی غار ہے۔ (واللہ اعلم)

اُردن

اصحابِ کہف کی غار کا بیرونی منظر

اصحابِ کہف سے منسوب اشیاء

حیاتُ المعظّم

فی مناقب

سیّدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ

﴿حصہ دوم﴾

مولف

احمد حسن قادری

زیر سرپرستی

صوفی غلام محمد قادری رح

حضرت افتخار احمد قادری